## حیسکو پریس رلیز مورخہ :02.02.2022

حیسکو چیف ایگزیکٹوآفیسر نوراحمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں، ٹھٹہ، مکلی، سجاول، کوٹری، میرپورخاص، عمرکوٹ، کھپرو، سانگھڑ، شہدادپور، نوابشاہ، ٹنڈوآدم، بدین، ٹنڈومحمد خان، جامشورو، لطیف آباد سب ڈویژنوں کے علاقوں میں کارروائیوں کے دوران 3651 نادہندگان کے بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں، بجلی چوروں کے 2913 کنکشن منقطع کیئے گئے ہیں۔ نادہندگان سے 5 کروڑ 39 لاکھ 26 ہزار روپے وصول کی گئی۔ 20 عدد ٹرانسفر مراتارے گئی۔ 6 عدد ٹیوب ویل کنیکشن کی بجلی منقطع کی گئی۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد(        ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹوآفیسر نوراحمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ بجلی صرف اس صارق کو ملے گی جو باقاعدگی سے بل جمع کرائے گا۔ اور قانونی طریقے سے بجلی استعمال کرے گا۔ اس کے علاوہ بجلی چوری کرنے والے کے خلاف حیسکو کی ٹیمیں دن رات کاروائیاں کررہیں ہین۔ اور بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف مروجہ قانون کے تحت قانونی کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ اس سلسلے میں سپرٹینڈنگ انجنیئر آپریشن سرکل لاڑ عبدالغفور شیخ اور XEN ٹھٹہ مختیار حسین شاہ کی سربراہی میں SDO ٹھٹہ نصیرالدین شیخ SDO سجاول ریاض ارباب SDO مکلی محمد شفیع میمس نے کارروائیوں کے دوران ٹھٹہ، مکلی، سجاول سب ڈویژن کے علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے واجبات کی عدم ادائیگی پر 245 نادہندگان کے بجلی کنکشن منقطع کیئے اور بجلی چوروں کے 185 غیرقانونی کنڈہ ہٹائے گئے اور تاریں ضبط کرلی گئی ہیں، اور بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کیلئے لیٹر بھی جمع کرادیئے ہیں۔ اس موقع پر S.E لاڑ عبدالغفور شیخ نے بتایا کہ حیسکو چیف نور احمد سومرو کی واضح ہدایات ہیں کہ حیسکو کے صارفین حیسکو کے محافظ ہیں ہمیں ان کی قدر کرنی چاہیئے، اسی لیئے صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں، بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے، نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی چیک کرتے ہوئے نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بناکے دی جائیں، واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رکھیں۔ آپ کے تعاون کا متمنی۔ حیسکو



حیدرآباد: حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات XEN ٹھٹہ کی ٹیموں کی ٹھٹہ، مکلی اور سجاول سب ڈویژنوں کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں